Passed unanimously in suspension of Rules. 01/09/25 6.45 P.M.

Passed Notice No. 225

# قرارداد

ہر گاہ کہ صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا کا معزز ایوان افغانستان میں حالیہ زلزلے کے نتیجے میں ہونے والے جانی ومالی نقصانات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتا ہے۔ یہ ایوان زلزلے میں جاں بحق ہونے والے افراد کے لیے دعائے مغفرت اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا گو ہے۔

یہ ایوان اس امر کو تسلیم کرتا ہے کہ پاکستان ایک برادر اسلامی ملک اور قریبی ہمسایہ ہونے کے ناطے اپنے افغان بھائیوں کی ہر ممکن مدد کو انسانی، اسلامی اور اخلاقی ذمہ داری سمجھتا ہے۔

لہٰذا یہ اسمبلی صوبائی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے اس امر کی سفارش کریں کہ:

.1 زلزلے سے متاثرہ افغان زخمیوں کو فوری اور معیاری طبی سہولیات میں ممکن مدد فراہم کی جائیں۔

.2 شدید زخمیوں کو جذبۂ خیر سگالی کے تحت بغیر ویزہ پاکستان منتقل کر کے علاج و معالجے کی بہترین سہولیات مہیا کی جائیں۔

.3 صوبائی اور وفاقی حکومتیں باہمی تعاون کے ساتھ امدادی ٹیمیں، ادویات اور دیگر ضروری طبی سامان فوری طور پر متاثرہ علاقوں میں روانہ کریں۔

.4 یہ ایوان بین الاقوامی اداروں سے بھی اپیل کرتا ہے کہ وہ افغانستان میں زلزلہ متاثرین کی بحالی اور امدادی سرگرمیوں میں بھرپور تعاون کریں تاکہ امداد زیادہ مؤثر اور جامع ہو سکے۔

(1) عبیدالرحمٰن
ممبر صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

(2) Dr. Amjad Ali

Mian Nisar Hussain

(3) PK 15

(4) MPA PK-16

(9) MPA

(6) Ahmad Kundi PK-112

(5) صنا خان MPA PK83

(8) PK22

(7) MPA PK71

**RESOLUTION**

Session No. 9th
Notice No. 225
Received Time: 6:00
Received Date 1-9-2025
From Mr/Ms. عبیدالرحمٰن MPA
Receiver Sign: